© rasailojaraid.com



# غلام ابوبکر صدیق بن حضرت مولانا محمد نافع رحمۃ اللہ علیہ

غلام ابوبکر صدیق

## رُحَمَآءُ بَیْنَھُمْ ویلفیئر ٹرسٹ

محترم ومکرم جناب حضرت مولانا سید محمد کفیل شاہ صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

امید ہے کہ آپ بخیر وعافیت سے ہوں گے

آپ کے مؤقر جریدے کے ذریعہ اظہار براءت چھپانا چاہتا ہوں جو کہ لف ہذا ہے۔

اس اجمال کی مختصر تفصیل یہ ہے کہ حافظ عبدالجبار سلفی نے حضرت والد گرامی القدر کا تذکرہ لکھنے کے لیے ہم سے تمام مواد ڈائیریاں وخطوط اور تمام معلومات لے کر تذکرہ حضرت مولانا محمد نافع رحمۃ اللہ علیہ تالیف کیا جس میں بہت سی فضول وغیر متعلقہ اور تنقیدانہ مباحث شامل کر دیں ہم دونوں بھائیوں کو جب اس نے مسودہ کی ایک کاپی ارسال کی تو ہم نے تصحیحات اور ترامیم کیں تو مصنف مذکور نے ان کو تسلیم کرنے سے لیت ولعل سے کام لیا۔ اور بعد میں بھائی میاں محمد مختار عمر بن حضرت مولانا محمد نافع رحمۃ اللہ علیہ ۲۱ راگست کو حج پر چلے گے اور ان کا ۲۶ راگست کو مکہ مکرمہ میں انتقال ہو گیا۔

حافظ صاحب مذکور اور عبدالرؤف نامی شخص ۲۷ راگست کو میرے پاس تشریف لائے اور مجھے تعزیت کی اور کہا کہ آپ مہمانوں سے فارغ ہو لیں اس کے بعد مذاکرات کے ذریعے تذکرہ والے قضیہ کا حل نکالتے ہیں لیکن دو دن بعد پتہ چلا کہ وہ تذکرہ حضرت مولانا محمد نافع رحمۃ اللہ علیہ شائع کر کے مارکیٹ میں لے آئے ہیں۔ کیونکہ کتاب مذکور متنازع اور متشددانہ عبارات سے مزین ہے۔ اس لیے بندہ اس سے براءت کا اظہار کرتا ہے۔

امید ہے آپ قریبی اشاعت میں جگہ دے کر بندہ کو ممنون فرمائیں گے۔

امید ہے کہ جواب سے نوازیں گے۔

والسلام: غلام ابوبکر صدیق بن حضرت مولانا محمد نافع رحمۃ اللہ علیہ

سیکرٹری مالیات رحمآء بینھم ویلفیئر ٹرسٹ جامعہ محمدی شریف چنیوٹ



© rasailojaraid.com